رسول اللہ ﷺ نے مسلمانوں کو سلام عام کرنے کا حکم دیا ہے۔ فرمایا: أفشوا السلام بینکم (صحیح مسلم: کتاب الایمان باب بیان انہ لایدخل الجنۃ الا المؤمنون) ''اپنے درمیان سلام کو عام کرو۔'' دوسری حدیث میں: حق المسلم علی المسلم ست قیل ماہن یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال إذالقیتہ فسلم علیہ وإذادعاک فأجبہ وإذا استنصحک فانصح لہ وإذا عطس حمد اللہ فسمتہ وإذا مرض فعدہ وإذامات فاتبعہ۔ (صحیح مسلم: کتاب الجنائز باب الامر باتباع الجنائز 1169) ''مسلمان کے دوسرے مسلمان پر چھ حقوق ہیں پوچھا گیا وہ کون سے ہیں اے اللہ کے رسولؐ! فرمایا: جب تو اس سے ملے تو اس پر سلام بھیجو جب وہ دعوت دے تو قبول کرو جب نصیحت مانگے تو نصیحت کرو جب چھینک آئے تو صرف الحمدللہ کہے تو تم اس کا جواب او رجب وہ بیمار ہو تو عیادت کرو جب فوت ہوجائے و اس کا جنازہ پڑھو۔'' مذکورہ بالا احادیث میں نبی ﷺ نے کسی قید کے بغیر ایک مسلمان کو دوسرے مسلمان پر سلام بھیجنے کا حکم کیا ہے بلکہ اسے اس پر اس کا حق گنوایا ہے۔ ان دونوں احادیث سے معلوم ہوتا ہ کہ مسلمان کی جہاں بھی ملاقات ہوتی ہے وہ اسے سلام کرے ہاں ان احادیث کے عموم کی تخصیص کےلیے اگر کوئی صحیح حدیث یا اثر وارد ہوگا تو وہ اس حالت کو مستثنیٰ کردے گا۔ مذکورہ بالا استفسار میں نبی سے بلااستثناء سلام کی حدیث کا مطالبہ کیا گیا تھا سو وہ پیش کردی گئی ہے اور دونوں احادیث بھی صحیح مسلم کے حوالہ سے ہیں۔ اب کھانا کھانا کے دوران جو لوگ سلام کہنے کے قائل ہیں ان کے ذمہ ایسی صحیح حدیث یا اثر ہے جو ان احادیث کے عمومی الفاظ کو خاص کرسکیں جس سے کھانا کھاتے ہوئے سلام نہ لینے کی تحقیق ہوئی ہو۔ باقی رہا ابن عمر کا اثر تو وہ بالتفصیل اس طرح سے ہے: نافع عبداللہ بن عمر کے متعلق کہتے ہیں کہ: ہم عبداللہ بن عمرؓ کے ہمراہ مدینہ طیبہ سے باہر تھے۔ ساتھیوں نے کھانا تیار کیا اور دستر خوان پر لگایا ہم کھانے لگے تو وہاں ایک چرواہا گزرا اس نے سلام کیا۔ ابن عمرؓ نے اسے بھی کھانے کی دعوت دی مگر اس نے کہا میرا روزہ ہے۔ (شعب الایمان: 5291) ابن عمرؓ کے اس اثر سے بھی پتہ چلتاہ ے کہ صحابہ سلام کرنے میں کی قسم کی تخصیص اور استثناء نہیں کرتے تھے اور خاص طور پر کھانے کے دوران کا یہ اثر موجود ہے۔ بالفرض یہ اثر نہ بھی ہوتا تو شروع میں پیش کی گئیں احادیث کے مطابق ہر حالت میں سلام جائز تھا۔ اِلا کہ اس پر کسی صحیح سند سے کوئی نص وارد نہ ہوجاتی۔ اب جو لوگ کھانا کھانے سلام کے قائل نہیں ان کے ذمہ دلیل پیش کرنا ہے کہ کھانا کھاتے ہوئے سلام نہ کرنے کی دلیل پیش کریں۔